News of the Sports

April 07 , 2018

Daily Times
Your right to know A new voice for a new Pakistan

SPORTS

# POA celebrates International Day of Sports for Development and Peace

Staff Report APRIL 7, 2018




**LAHORE:** The Pakistan Olympic Association, in collaboration with Beaconhouse National University Lahore, celebrated the 'International Day of Sport for Development and Peace' (IDSDP) here on Friday. The IDSDP is an annual celebration that highlights and promotes the power of sport as a catalyst for social change in all corners of the world. This event is in line with the strategic road map of Olympic Agenda 2020 and is also an attempt to fulfill the UNO Agenda 2030. Ms Ada Jaffery, POA Deputy Secretary Women and Sports Commission, read the message of the POA President Lt Gen (r) Syed Arif Hasan on the occasion. Syed Arif is currently attending the Commonwealth Games in Gold Coast in Australia.

POA Vice President Ch Muhammad Yaqoob, was the chief guest while Beaconhouse National University Vice Chancellor Shahid Hafiz Kardar, BNU Executive Director Students Affairs & External Relations Zaeem Yaqoob Khan were the guests of honour. The BNU officials appreciated the POA efforts for promoting peace through sports and thanked Syed Arif and POA Secretary General Muhammad Khalid Mahmood for this institutional collaboration. The duo was enthusiastic for future collaborations with the POA. Manzoor ul Hassan (hockey Olympian) and Eesha Khan (former swimmer and IOC certified coach), being keynote speakers, shared their views on 'Peace through Sports and the Spirit of Olympism' as well as their personal sporting experience with students.

Peace walk and white card symbolic demonstration was also held to show solidarity with the international campaigns. Many POA office bearers and POA Executive Committee members, President and Secretaries of the National Sports Federations, Services and Departments and national sports dignitaries also attended the event. Muhammad Jahangir, Chairman Organizing Committee IDSDP, concluded the event with vote of thanks especially acknowledging the distinguished guests, volunteers, athletes and students.

# 21ویں کامن ویلتھ کھیلوں کا آغاز




چودھری شاہد حسن

کامن ویلتھ گیمز گولڈ کوسٹ آسٹریلیا میں 4 اپریل سے شروع ہوکر 15 اپریل تک جاری رہیں گے۔ پاکستان کامن ویلتھ گیمز میں دس کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لے گا اور کامن ویلتھ 4 سے 15 اپریل تک آسٹریلیا میں کھیلا جائے گی، کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے 80 کے قریب کھلاڑیوں اور آفیشلز دس مختلف کھیلوں کے مقابلوں میں شرکت کریں گے، ان کھیلوں کے مقابلوں میں اتھلیٹکس، بیڈمنٹن، باکسنگ، ہاکی، شوٹنگ، سکواش، سوئمنگ، ٹیبل ٹینس، ویٹ لیفٹنگ اور ریسلنگ شامل ہیں، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اور پاکستان سپورٹس بورڈ نے متفقہ طور پر کامن ویلتھ گیمز میں ان دس کھیلوں کے مقابلوں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور ان گیمز کے مقابلوں میں میڈلز حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔ واضع رہے کہ کامن ویلتھ گیمز میں اتھلیٹکس کے مقابلوں میں دو کھلاڑی جن میں ایک مرد اور ایک خواتین، بیڈمنٹن میں دو مرد اور دو خواتین، باکسنگ میں چار مرد، ہاکی میں 18 مرد، شوٹنگ 5 مرد اور دو خواتین، سکواش میں دو مرد اور دو خواتین، سوئمنگ میں ایک مرد اور ایک خواتین، ٹیبل ٹینس میں دو مرد اور دو خواتین، ویٹ لیفٹنگ میں 8 مرد اور ریسلنگ میں 5 مرد کھلاڑی پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔

کامن ویلتھ گیمز کے شیڈول کے مطابق 5 اپریل کو ہاکی مینز ایونٹ کے افتتاحی روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پاکستان کو ویلز اور جنوبی افریقہ کو اسکاٹ لینڈ کا چیلنج درپیش ہوگا، 6 اپریل کو انگلینڈ کا مقابلہ ملائیشیا اور نیوزی لینڈ کا مقابلہ کینیڈا سے ہوگا، 7 اپریل کو پاکستانی ٹیم روایتی حریف بھارت کے مدمقابل ہو گی۔ ملائیشیا کا مقابلہ ویلز، کینیڈا کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ اور آسٹریلیا کا ٹاکرا جنوبی آفریقہ سے ہوگا۔

8 اپریل کو پاکستانی ٹیم اپنے تیسرے گروپ میچ میں انگلینڈ جبکہ 11 اپریل کو اپنا چوتھا اور اخری گروپ میچ ملائیشیا کیخلاف کھیلے گی۔ 13 اپریل کو سیمی فائنلز جبکہ دو ٹاپ ٹیموں کے درمیان فائنل 14 اپریل کو کھیلا جائیگا۔ ادھر پاکستان کو اب تک کامن ویلتھ گیمز میں ایک سلور اور ایک برانز میڈل جیتنے کا اعزاز حاصل کیا ہے۔

21ویں کامن ویلتھ گیمز میں اب تک پاکستان کے ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام ویٹ اٹھا کر کامن ویلتھ گیمز میں نیا ریکارڈ قائم کردیا کریرا اسپورٹس سینٹر (SportsCarrara Centre) میں ہونے والے ایونٹ میں طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر 21ویں کامن ویلتھ گیمز مین پاکستانی کیلئے برونز میڈل حاصل کیا اس موقع پر موجود پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹنٹ جنزل (ر) سیّد عارف حسن، سیکریٹری جنزل پی او اے محمد خالد محمود اور قومی دستے کے چیف ڈی مشن لیفٹنٹ جنزل (ر) مزمل حسین نے میڈل جیتنے پر قومی ویٹ لفٹر کو مبارکباد پیش کی باکسنگ ایونٹ میں 69 کے جی کیٹگری کے مقابلے میں پاکستان کے گل زیب نے گیورنسی (Guernsey) کے لی پولیم (PawilliamLe) کو 3-2 کے فیصلے پر شکست سے دوچار کیا گل زیب کا اگلا مقابلہ نارتھ ائرلینڈ کے والش اے (A Walsh) کے ساتھ 7 اپریل کو ہوگا ہاکی میں پاکستان اور ویلز کے مابین کھیلا گیا میچ ایک ایک گول سے برابر رہا اسکواش میں پاکستان کے طیب اسلم نے برٹش ورجن ا ?ئی لینڈ کے نیوائل سورنٹینو (SorrentinoNeville) کو تین صفر 11-113-114-4 سے جبکہ جبکہ فرحان زمان نے برٹش ورجن ا?ئی لینڈ کے جوئے چپمین (Joe Chapman) کو 3-1 (11-96-11 11-114-6) شکست دی جبکہ خواتین ایونٹ میں ویلز کی نے پاکستانی کی مدینہ ظفر کو 3-0 (11-118-114-6) جبکہ آسٹریلیا کی ڈونا (UrquhartDonna) نے فائزہ ظفر کو 3-0 سے ہرادیا بیڈمنٹن کے مکس ٹیم ایونٹ میں اسکاٹ لینڈ نے پاکستان کو 5-0 سے ہرا دیا مکس ڈبل میں الیگزینڈر ڈن (DunnAlexander) اور الینور ڈونل (DonnelOEleanor) کی جوڑی نے مراد علی اور پلوشہ بشیر 21-2113-12 سے مینز سنگل میں کیرن ماریلیس (Kieran Marrilees) نے محمد عرفان بھٹی کو 21-6 21-16 سے ویمنز سنگل میں کرسٹی گلیمور (GlimourKirsty) نے ماہور شہزاد کو 21-216-10 سے مینز ڈبل میں مارٹن کیمبل (CambellMartin) اور پیٹرک (MaxhughPatrick) نے مراد حسین اور عرفان بھٹی کو 21-218-10 سے جبکہ ویمنز ڈبل میں جولی (Julie Macpherson) اور ایلینور (Eleanor DonnelO) نے پلوشہ بشیر اور ماہور شہزاد کو 21-216-4 سے ہرایا













اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

روزنامہ اوصاف


# دولت مشترکہ گیمز: ہاکی میں روایتی حریف پاک بھارت آج آمنے سامنے ہونگے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اور بھارت کی ہاکی ٹیمیں کامن ویلتھ گیمز کے ہاکی ایونٹ میں آج آمنے سامنے ہونگی جبکہ میچ مقامی وقت کے مطابق اڑھائی بجے دوپہر شروع ہوگا۔ پاکستان کا کامن ویلتھ گیمز میں ہونے والا پہلا میچ ویلز کے خلاف تھا جو ایک ایک گول سے برابر رہا۔ ٹورنامنٹ کا دوسرا میچ پاکستان کی ٹیم آج بھارت کے خلاف کھیلے گی۔ بھارت کی ہاکی ٹیم 8 اولمپک گولڈ میڈل حاصل کر چکی ہے جبکہ ورلڈ کپ میں صرف ایک گولڈ میڈل حاصل کیا تھا۔ بھارت کی ٹیم چیمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں کبھی بھی فاتح نہیں رہی۔ اس کے مقابلے میں پاکستان کی ہاکی ٹیم اولمپک میں گولڈ میڈل، تین سلور اور چار برانز میڈل حاصل کر چکی ہے۔ اس نے چار ورلڈ کپ جیتے اور تین دفعہ چیمپئنز ٹرافی جیتنے کا اعزاز حاصل کیا جبکہ ورلڈ کپ کے 84 میچز میں پاکستان کو 53 میں فتح حاصل ہوئی تھی اور اسے چھ ورلڈ کپ کے فائنل کھیلنے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ پاکستان کو اب تک دولت مشترکہ گیمز میں ایک چاندی اور ایک کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس کا ایف آئی ایچ رینکنگ میں 13 واں نمبر ہے۔ بھارت کی ٹیم پاکستان کے مقابلے میں زیادہ مضبوط اور فیورٹ ہے۔ اس کی ایف آئی ایچ رینکنگ میں چھٹا نمبر ہے تاہم پاک بھارت میچز میں دونوں ٹیمیں جذبے سے کھیلتی ہیں اور اسلئے کہا جاسکتا ہے کہ پاکستانی ہاکی ٹیم بھارت کیلئے تر نوالہ نہیں ثابت ہوگی۔ دوسری جانب سابق کھلاڑی اور کوچ محمد عرفان سینئر نے کہا ہے کہ پاکستان سے قبل رولینڈ بھارتی ٹیم کے کوچ تھے اور ان کو معلوم ہے کہ بھارتی ٹیم کی کیا خامیاں ہیں۔ اور وہ ان خامیوں کے بارے میں پاکستانی کھلاڑیوں کو بتائینگے تاکہ پاکستان بھارت کے خلاف کامیابی حاصل کر سکے۔ آج ہونے والا میچ اچھا سنسنی خیز ہوگا اور پاکستان جو گزشتہ 6 میچز میں بھارت سے ہارتا آ رہا ہے اس مرتبہ فتح حاصل کریگا۔ پاکستانی کھلاڑیوں کو چانسز سے فائدہ اٹھانا چاہیے اگر قومی کھلاڑی موقع سے فائدہ اٹھاتے ہیں تو پاکستان کی ٹیم یقینی طور پر کامیابی حاصل کریگی۔ محمد عرفان نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہمیشہ میچز سنسنی خیز ہوتے ہیں میچ کوئی بھی جیتے مقابلہ اچھا ہوگا انہوں نے کہا کہ دولت مشترکہ گیمز میں تمام ٹیمیں اچھی ہیں، اس لئے بھارت کو ٹارگٹ نہیں کیا جانا چاہیے

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

## پاکستان کا بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم اور سکواش مینز سنگلز میں سفر تمام

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کا کامن ویلتھ گیمز بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم اور سکواش مینز سنگلز ایونٹس میں سفر تمام ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز کے دوسرے روز بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم ایونٹ کے تیسرے میچ میں پاکستانی ٹیم کو سری لنکا کے ہاتھوں 1-4 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، یہ گرین شرٹس کی ایونٹ میں متواتر تیسری شکست ہے، اس کے ساتھ ہی پاکستانی ٹیم تمغوں کی دوڑ سے باہر ہوگئی، اسی طرح سکواش مینز سنگلز ایونٹ میں بھی پاکستان کی طلائی تمغہ جیتنے کی امیدیں دم توڑ گئیں، فرحان زمان اور طیب اسلم کو لاسٹ 32 راؤنڈ میچز میں شکستوں کا سامنا کرنا پڑا، فرحان زمان کو انگلش کھلاڑی جیمز ولسٹروپ اور طیب اسلم کو سکاٹش کھلاڑی ایلن کلائن نے شکست دی۔ یاد رہے کہ سکواش ویمنز سنگلز ایونٹ میں پاکستان کا سفر پہلے ہی دن تمام ہوگیا تھا، دونوں پاکستانی کھلاڑیوں فائزہ ظفر اور مدینہ ظفر پہلی رکاوٹ عبور کرنے میں ناکام رہی تھیں۔

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

## دولت مشترکہ گیمز سوئمنگ، پاکستان کے محمد حسیب طارق تمغوں کی دوڑ سے باہر

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) دولت مشترکہ گیمز سوئمنگ ایونٹ میں پاکستان کے سید محمد حسیب طارق نے 100 میٹر بیک اسٹروک میں 19 ویں پوزیشن حاصل کی، اس کے ساتھ ہی وہ تمغوں کی دوڑ سے باہر ہوگئے۔ گولڈ کوسٹ، آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز کے دوسرے روز سوئمنگ کے مینز 100 میٹر بیک اسٹروک ایونٹ میں پاکستانی تیراک سید محمد حسیب طارق نے مقررہ فاصلہ 59.39 سیکنڈز میں طے کر کے 19 ویں پوزیشن حاصل کی، اسطرح وہ اگلے مرحلے تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام رہے اور تمغوں کی دوڑ سے باہر ہوگئے۔

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستانی کھلاڑیوں کو بیڈ منٹن، سکواش اور سوئمنگ مقابلوں میں شکست

بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم ایونٹ میں پاکستان سری لنکا کے ہاتھوں شکست کے بعد میڈل کی دوڑ سے باہر، حسیب طارق 100 میٹر بیک اسٹروک میں 19 ویں نمبر پر آئے

پاکستانی سکوائش کھلاڑیوں کا سفر تمام، مینز ہاکی میں انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کامیاب، ویٹ لفٹنگ میں ابوسفیان زخمی ہو گئے، بسمہ خان سوئمنگ میں ناکام

گولڈ کوسٹ (افضل افتخار سے) پاکستان کا کامن ویلتھ گیمز بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم اور سکوائش مینز سنگلز ایونٹس میں سفر تمام ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز کے دوسرے روز بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم ایونٹ کے تیسرے میچ میں پاکستانی ٹیم کو سری لنکا کے ہاتھوں 4-1 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، یہ گرین شرٹس کی ایونٹ میں متواتر تیسری شکست ہے، اس کے ساتھ ہی پاکستانی ٹیم تمغوں کی دوڑ سے باہر ہو گئی، اسی طرح سکوائش مینز سنگلز ایونٹ میں بھی پاکستان کی طلائی تمغہ جیتنے کی امیدیں دم توڑ گئیں، فرحان زمان اور طیب اسلم کو لاسٹ 32 راؤنڈ میچز میں شکستوں کا سامنا کرنا پڑا، فرحان زمان کو انگلش کھلاڑی جیمز ولسٹروپ اور طیب اسلم کو سکاٹش کھلاڑی ایلن کلائن نے شکست دی۔ دوسری جانب سوئمنگ ایونٹ میں پاکستان کے سید محمد حسیب طارق نے 100 میٹر بیک اسٹروک میں 19 ویں پوزیشن حاصل کی، اس کے ساتھ ہی وہ تمغوں کی دوڑ سے باہر ہو گئے۔ گیمز کے دوسرے روز سوئمنگ کے مینز 100 میٹر بیک اسٹروک ایونٹ میں پاکستانی تیراک سید محمد حسیب طارق نے مقررہ فاصلہ 39۔59 اسیکنڈز میں طے کر کے 19 ویں پوزیشن حاصل کی۔ مینز ہاکی ایونٹ میں انگلینڈ نے ملائیشیا اور نیوزی لینڈ نے کینیڈا کو شکست دی۔ گروپ اے میں نیوزی لینڈ نے کینیڈا کو 2 کے مقابلے میں 6 گولز سے ہرا کر ایونٹ میں جاندار انٹری کی، پہلے ہاف میں بلیک کیپ کو 0-2 گولز کی برتری حاصل تھی، دوسرے ہاف میں بلیک کیپس نے مزید 4 جبکہ کینیڈا کی ٹیم صرف 2 گولز کر سکی، گروپ بی میں انگلینڈ نے ملائیشیا کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-7 گولز کے واضح مارجن سے ہرایا، وارڈ اور گلیگ ہورن نے 2، 2 جبکہ گڈفیلڈ، مارٹن اور روپر نے ایک، ایک گول کیا۔ ویٹ لفٹنگ کی 69 کلوگرام کیٹیگری میں پاکستان کے ابوسفیان کلین اینڈ جرک کے دوران انجرڈ ہونے کے باعث مقابلے سے باہر ہو گئے جبکہ سوئمنگ میں 50 میٹر فری سٹائل میں پاکستان کی بسمہ خان ہیٹ میں اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی نہ کر سکیں۔ باکسنگ ایونٹ میں پاکستان کے گل زیب نارتھ آئی لینڈ کے واش اے کے مدمقابل ہوں گے۔


روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD

روزنامہ نئی بات
Daily Nai Baat

# گولڈ میڈل میں آسٹریلیا کی اجارہ داری برقرار

## 14 گولڈ میڈل کیساتھ سرفہرست، برطانیہ 9 میڈلز لیکر دوسرے، سکاٹ لینڈ کا تیسرا نمبر

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا میں ہونے والی کومن ویلتھ گیمز میں میزبان آسٹریلیا کی گولڈ میڈل پر اجارہ داری برقرار ہے۔ میزبان ملک نے 14 گولڈ، 9 سلور اور 13 برونز میڈل کے ساتھ 36 میڈل حاصل کر رکھے ہیں۔ انگلینڈ 9 گولڈ میڈل کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہے جبکہ کینیڈا نے 2 گولڈ میڈل کے ساتھ 11 میڈلز پر قبضہ جما رکھا ہے جبکہ سکاٹ لینڈ نے بھی 2 گولڈ میڈل حاصل کرنے کے ساتھ 10 میڈلز لے رکھے ہیں۔ بھارت 2 گولڈ میڈل 1 سلور اور 1 برونز میڈل کے ساتھ پانچویں نمبر پر موجود ہے۔ جنوبی افریقہ 2 گولڈ اور 1 برونز کے ساتھ تیسرے نمبر پر جگہ بنا رکھی ہے۔ ملائیشیا، نیوزی لینڈ، ویلز اور برمودا نے ایک ایک گولڈ میڈل حاصل رکھا ہے۔




گولڈ کوسٹ: کامن ویلتھ گیمز اپنا آخری ٹورنامنٹ کھیلنے والی نیوزی لینڈ کی فیلفا پیٹرسن 53 کلو ویٹ لیفٹنگ مقابلوں میں وزن اٹھاتے ہوئے